# 2020 کان پلان اور AI
# ٹول کٹ



CITY OF HOUSTON

**HOUSING AND COMMUNITY DEVELOPMENT DEPARTMENT**
**(ہاؤسنگ اینڈ کمیونٹی ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ)**

CITY OF HOUSTON
HOUSING AND COMMUNITY DEVELOPMENT

# ہمارا ویژن

ہاؤسٹن ہاؤسنگ اینڈ کمیونٹی ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ (Housing and Community Development Department, HCDD) ایک ایسے شہر کا ویژن رکھتا ہےجہاں ہر کسی کے پاس ایک **محفوظ** گھر ہو جس کے **متحمل** وہ اس **کمیونٹی** میں ہو سکتے ہوں جہاں وہ **پھل پھول سکیں۔**

**سستے گھر** | **بنیادی ڈھانچہ/مضافاتی خدمات** | **کمیونٹی کی معاشی ترقی** | **امدادی خدمات**

ہمارے ویژن کو حاصل کرنے کے لیے، HCDD ہر سال امریکی محکمہ برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ (Housing and Urban Development, HUD) کی جانب سے وفاقی استحقاق کی درج ذیل گرانٹس سے لگ بھگ $50 ملین کا استعمال کرتا ہے۔ گرانٹ کی سالانہ رقوم کی بنیاد HUD کے متعین کردہ ایک مخصوص فارمولے پر ہوتی ہےجس میں ہاؤسٹن کی متعدد آبادیاتی معلومات، رہائش اور مارکیٹ کی صفات کو زیر غور لایا جاتا ہے۔

## CDBG
**کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک گرانٹ**

- ہاؤسنگ
- عوامی خدمات
- عوامی سہولیات
- معاشی ترقی

## HOME
**HOME نویسٹمنٹ پارٹنرشپس گرانٹ**

سستے گھر برائے
- کرایہ داران
- مالکان

## HOPWA
**ہاؤسنگ اپارچونٹیز فار پرسنز ود AIDS**

HIV/AIDS میں مبتلا افراد اور ان کی فیملیز کے لیے رہائش اور سماجی خدمات

## ESG
**ہنگامی تدابیر کے لیے گرانٹ**

بے گھر لوگوں اور بے گھر ہونے کے خطرے میں مبتلا لوگوں کے لیے پناہ گاہ اور خدمات

## یہ آپ کو کس طرح متاثر کرتا ہے

یہ گرانٹس موصول کرنے کے لیے، HUD سٹی سے ایک پانچ سالہ متعین منصوبہ اور سالانہ منصوبۂ عمل (کان پلان) اور منصفانہ رہائش کے انتخاب میں رکاوٹوں کا تجزیہ (AI) جمع کروانے کا تقاضا کرتا ہے۔ یہ منصوبے ان وسائل کا خاکہ بیان کرتے ہیں جو اگلے پانچ سالوں میں دستیاب ہونے کی توقع ہے اور ان آبادیاتی علاقوں، ضرورتوں، حکمت عملیوں اور سرگرمیوں کو بتاتی ہیں جنہیں ترجیح دی جائے گی۔

### متعین منصوبہ

- ضروریات کی تشخیص اور مارکیٹ کے تجزیے پر مشتمل ہوتا ہے
- ہاؤسٹن کے کم اور متوسط آمدنی والے باشندوں کے لیے رہائش اور مضافات کو بہتر بنانے کے پانچ سالہ اہداف اور مقاصد کو شناخت کرتا ہے
- استحقاق گرانٹ فنڈز کے لیے ایک سالانہ منصوبے پر مشتمل ہوتا ہے

### رکاوٹوں کا تجزیہ

- منصفانہ رہائش کے انتخاب میں رکاوٹوں کو شناخت کرنے کے لیے ڈیٹا کا تجزیہ کرتا ہے
- رہائش کی منصفانہ منصوبہ بندی کی بنیاد فراہم کرتا ہے
- منصفانہ رہائشی کی رکاوٹوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے ایک پانچ سالہ منصوبۂ عمل شامل کرتا ہے

## HCDD کی 4 سالہ حصولیابیاں

اعانت کی **3,157** لوگوں کی بے گھری کی روک تھام میں اور **1,704** فیملیز کی کرایے میں اعانت میں بے گھری کو روکنے کے لیے

کم اور متوسط آمدنی والی فیملیز کے لیے زائد از **1,000** گھروں کی مرمت کی

منصفانہ رہائش کے ہاٹ لائن کالرز کو **5,297** معلومات فراہم کیں

غیر منفعتی تنظیموں کو فنڈنگ کی تاکہ **98,508** لوگ لوگوں کی نوکری کی تربیت، نگہداشت طفل، یوتھ انرچمنٹ، یا دیگر خدمات میں اعانت کی

فراہم کیا **199** کم اور متوسط آمدنی والی فیملیز کو گھر خریدنے میں ان کی اعانت کے لیے نقد ادائیگی میں اعانت

**3** منصفانہ رہائش کی عوامی خدمت کی مہمیں شروع کیں جس کی رسائی ہوئی زائد از **2** ملین لوگ

فنڈنگ کی **26** نئے یا اصلاح یافتہ کمیونٹی فسیلیٹز کی مضافات میں

تعمیر یا باز بحالی کی فنڈنگ کی زائد از **1,600** کئی فیملی والے سستے کرایے کے گھروں کی

CITY OF HOUSTON
HOUSING AND COMMUNITY DEVELOPMENT

# ماحصل اور ضروریات

## ترجیحی ضروریات
## 2020-2024 کان پلان

- کرایہ داروں کے لیے اعانت
- گھر مالکوں کے لیے اعانت
- گھر خریداروں کے لیے اعانت
- بے گھر ضرورتیں
- خدمت عامہ کی ضرورتیں
- مضافاتی سہولیات کی اصلاح
- مضافات کی ضروریات کا ازالہ کرنا
- معاشی ترقی کی ضروریات
- صحت اور سلامتی کی ضروریات

## منصفانہ رہائش میں رُکاوٹیں (AI)

1. رہائش میں امتیاز
2. منصفانہ رہائش کے بارے میں معلومات کی کمی
3. سستی رہائش کے اختیارات کی کمی
4. معذور افراد کے لیے قابل رسائی رہائش کی کمی
5. آمدنی/فنڈنگ کی کمی
6. نسل، نسلیت اور معاشی حیثیت کی بنیاد پر علیحدہ رہائشی طرز
7. مالیاتی تعلیم کی کمی
8. مضافات کے بیچ آسائشات، خدمات اور بنیادی ڈھانچے کی غیر متوازن تقسیم
9. NIMBY مزاحمت
10. نقل و حمل کے اختیارات کی کمی
11. مخصوص مضافات میں صحت کے خطرے کی اضافی ابتلا
12. حکومت اور مکینوں کے بیچ مواصلت کی کمی

## 5 سالہ اہداف 2020-2024 کان پلان

*آپ کی استحقاق والی گرانٹس کا استعمال کرکے ان اہداف کو پورا کیا جائے گا۔*

### سستی رہآئش کو محفوظ رکھیں اور اس کی سپلائی بڑھائیں

- گھر مالکوں کے لیے 1,000 گھروں کی مرمت یا تعمیر نو کرنا
- کم اور متوسط آمدنی والی فیملیز کے لیے 214 نئے کرایہ والے گھر اور باز بحالی والے 30 کرایے والے گھر بنانا

### گھر کی ملکیت کے مواقع بڑھانا

- LMI گھر خریدنے والوں کے لیے 38 نئے گھر تعمیر کرنا

### HIV/AIDS سے متاثر افراد کو اعانت فراہم کرنا

- کرایے میں اعانت یا تیز رفتار ری ہاؤسنگ میں 2,375 گھرانوں کی اعانت کرنا
- 1,500 گھرانوں کے لیے مستقل اور عبوری گھروں کے آپریشنز کی فنڈنگ کرنا
- 13,000 لوگوں کو خدمات فراہم کرنا

### بے گھری کم کرنا

- کرایے میں اعانت یا تیز رفتار ری ہاؤسنگ میں 1,425 خاندانوں کی اعانت کرنا
- 41,945 لوگوں کے لیے بے گھری سے متعلق خدمات والی خدمات فراہم کرنا

### خدمات عامہ کی فراہمی کے ذریعے معیار زندگی کو بڑھانا

- 92,660 لوگوں کو صحت، ملازمت، نوجوان اور دیگر خدمات فراہم کرنا

### کمیونٹیز کو نئی زندگی دینا

- کم اور متوسط آمدنی والے مکینوں کو فائدہ پہنچانے والی 6 عوامی سہولیات تخلیق کرنا یا انہیں بہتر بنانا

### صحت و سلامتی کو فروغ دیں

- 250 گھروں سے سیسہ کے خطرات ہٹانا
- 160,000 کوڈ انفورسمنٹ سائٹ کے دورے انجام دینا

### کمیونٹی کی معاشی ترقی کی آبیاری کرنا

- 5 کاروبار کی اعانت کرنا
- 481 نوکریاں تخلیق کرنا یا برقرار رکھنا

### منصفانہ رہائش کو فروغ دینا

- منصفانہ رہائش کی معلومات کے ساتھ 250,000 لوگوں کے پاس پہنچنا

## کمیونٹی کی مشغولیت کے نتائج

باہم شراکتی کمیونٹی کی مشغولیت

جون 2019 - مارچ 2020

کل شرکت ہوئی:

**6,592**

### سروے

- کمیونٹی کی ضروریات کا سروے
- ایکسپریس سروے

3,075 سروے

### کمیونٹی میٹنگز

- موبائل میٹنگز
- اوپن ہاؤسز
- منصفانہ رہائش کے سفیر کی میٹنگز

3,517 کی شرکت ہوئی
75 میٹنگوں میں

### استفادہ کنندہ کی مشغولیت

- منصفانہ رہائش کے سفراء
- فوکس گروپس

21 سفراء
48 نے شرکت کی
6 فوکس گروپس میں

## عوامی مشغولیت اور ڈیٹا کے جائزے سے ہم نے کیا سیکھا

| مدد کرنے کے لیے ممکن فنڈنگ کے ذرائع | سستی رہائش میں رکاوٹیں | مدد کرنے کے لیے ممکن فنڈنگ کے ذرائع |
|---|---|---|
| CDBG, HOME, HOPWA اور ESG | موجودہ مارکیٹ کے حالات | تعمیر، مزدوری، اور زمین کی بڑھتی قیمت، خاص طور پر زیادہ مواقع والے علاقے میں، سستے مکان کی تیاری کو محدود کر دیتی ہے۔ قیمت فروخت اور کرائے آمدنی کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ |
| CDBG اور HOME | نقل و حمل تک رسائی اور سفر کی لاگتیں | کم قیمت والے گھر اکثر جاب سنٹرز اور زیادہ تعداد والے ٹرانزٹ روٹس سے دور واقع ہوتے ہیں۔ ٹرانزٹ کی زیادہ لاگتیں یا نوکریوں یا خدمات تک طویل دو طرفہ سفر فیملیز کے لیے مجموعی ارزانی کو متاثر کرتی ہے۔ |
| CDBG اور HOME | رہائش کا معیار | بہت سارے گھر سیلاب زدہ ہو گئے ہیں، ان میں مرمت درکار ہے اور آئندہ سیلاب زدگی کے خطرے میں ہیں۔ عمر رسیدہ افراد کے لیے ہاؤسنگ اسٹاک کو مرمت درکار ہو سکتی ہے یا ان میں ماحولیاتی خطرات ہیں۔ مضافاتی مسائل جیسے صنعتی استعمال یا غیر قانونی ڈمپنگ رہائش کے معیار کو متاثر کر سکتی ہے۔ |
| CDBG, HOME, HOPWA اور ESG | حکومت اور مکین کی مواصلت اور باہمی شراکت | مکینوں کی درخواست کردہ مکینوں اور سرکاری ایجنسیوں کے بیچ مؤثر اور ہم آہنگ مواصلت کو مواصلات کے ذرائع اور مقامات کو بڑھا کر، کثیر لسانی مواصلت فراہم کر کے اور معلومات تک رسائی کو آسان تر بنا کر بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ |
| CDBG, HOME, HOPWA اور ESG | ضابطہ | کچھ ضوابط، جیسے پرمٹ دینا اور متعلقہ فیس مکان بنانے یا اس کی آرائش کرنے کی لاگت بڑھا سکتی ہے۔ |
| CDBG, HOME, HOPWA اور ESG | مالی وسائل اور خواندگی کی کمی | بہت سارے مکینوں کے پاس گھر خریدنے یا اسے باقی رکھنے کے لیے لازمی آمدنی نہیں ہے۔ کچھ مکین تو رہائش کے لیے کریڈٹ یا دستیاب مالی وسائل تیار کرنے کے طریقوں سے واقف نہیں ہیں۔ |
| CDBG, HOME, HOPWA اور ESG | عدم رسائی پذیری | موجودہ گھروں میں معذور افراد کے لیے درکار رسائی پذیری نہیں ہے اور کچھ سہولیات مہنگی ہیں یا طبعی لحاظ سے ممکن نہیں ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ ان لوگوں کے لیے آمادگی کی حد تک دستیاب نہ ہوں جو معذور ہیں یا محدود انگریزی بولنے والے ہیں۔ |

## کمیونٹی کی ضروریات کے سروے کے نتائج

**2,309** لوگوں کا سروے کردہ

**31%** پریشانی تھی
رہنے کے لیے بہتر جگہ تلاش کرنے میں

**55%** پریشانی تھی
بارش ہونے پر مکان میں داخل ہونے/باہر نکلنے میں

**9%** منتقل ہونے پر مجبور ہو گئے تھے بوجہ
کرایہ میں اضافہ

**47%** پریشانی تھی
سیلاب زدگی کی

**8%** منتقل ہونے پر مجبور ہو گئے تھے بوجہ گھر میں
سیلاب زدگی اور دوبارہ بسنے کے ناقابل ہو گئے

**38%** پریشانی تھی
درکار مرمتوں کی ادائیگی کرنے میں

## ایکسپریس سروے کے نتائج

**766** سروے کردہ لوگوں میں سے

**50%** رہائش میں امتیاز کی رپورٹ کرنے کا طریقہ معلوم نہیں ہے

**20%** منصفانہ رہائش کے تحفظات کے بارے میں نہیں جانتے تھے

**13%** پچھلے پانچ سالوں میں رہائش میں امتیاز کا سامنا ہوا

### گھر تلاش کرنے والے آدھے سے زیادہ لوگوں کو درج ذیل چیلنجز تھے

- کرایہ یا رہن کی ادائیگیوں کے لیے کافی پیسہ
- کرایہ کے ڈیپازٹ یا نقد ادائیگی کے لیے کافی پیسہ
- ایسا گھر تلاش کرنا جو اچھی حالت میں ہو

**42.7%** بچوں والی فیملیز نے ایسا گھر منتخب کیا جو ناقابل تحمل، ادنی معیار کا، کافی چھوٹا یا اعلی معیار کے اسکول میں ان کے بچوں کے جانے کو یقینی بنانے کے لیے ناپسندیدہ مضافات میں تھا۔

### معذوریاں

سروے کردہ ان افراد میں سے **28.1%** جن میں گھرانے کے ممبر کو معذوری تھی

- ایک چوتھائی سے زائد (28.1%) نے معذور فرد کو سہولت پہنچانے کے لیے اپنے گھر میں ترمیم کی یا انہیں ترمیم کرنے کی ضرورت تھی
- جنہوں نے ترامیم کیں یا جنہیں ان کی ضرورت تھی ان میں سے ایک تہائی سے زائد (37.2%) کو اپنے گھر میں ترمیم کرنے یا ترمیم کرنے کی کوشش کرتے وقت لاگت اور جگہ کی کمی کی سب سے بڑی رکاوٹ ہونے کا سامنا ہوا


### صحت

- لگ بھگ **16.4%** کو ماحولیاتی آلودگی سے متلعق صحت کے مسائل جیسے دمہ، خون میں سیسہ کی بڑھی ہوئی سطحوں یاCOPD کا سامنا ہوا تھا یا وہ ان چیزوں کا سامنا کرنے والے کسی فرد کے ساتھ رہے تھے۔
- سروے کے جواب دہندگان کے لیے چار سر فہرست ماحولیاتی عوامل تھے: کیڑے (43.0%)، باہر میں ہوا کا معیار (40.7%)، اور حشرات (34.9%)، اور پانی کا معیار (34.8%)۔


### سر فہرست خدمات جنہیں مضافات میں اصلاح درکار تھی

وہ خدمات جن کی درجہ بندی جواب دہندگان کی ایک کافی بڑی تعداد نے اپنے مضافات میں ناقص کے بطور کی

### مضافاتی خدمات




### سماجی خدمات






CITY OF HOUSTON
HOUSING AND COMMUNITY DEVELOPMENT

# مجوزہ 2020 کے گرانٹ کی بجٹیں

**(1 جولائی 2020 تا 30 جون 2021)**
**HUD کی 2020 کی تفویضات کی بنیاد پر؛ تفویضات مجوزہ ہیں؛ زیر التواء عوامی تبصرہ اور سٹی کونسل کی منظوری۔**

## HOME
HOME انویسٹمنٹ پارٹنرشپس گرانٹ

| | | |
|---|---|---|
| کئی خاندان کے لیے گھر کی تیاری | $4,477,655 | 43.8% |
| تنہا خاندان کے لیے گھر کی تیاری | $1,722,474 | 16.9% |
| کرایے میں اعانت | $3,000,000 | 29.3% |
| پروگرام کا بندوبست | $1,022,236 | 10% |
| **کل** | **$10,222,365** | **100%** |

## CDGB
کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک گرانٹ

| | | |
|---|---|---|
| عوامی خدمات | $3,666,114 | 14.7% |
| ESG کی مماثلت | $500,000 | 2% |
| عوامی سہولیات اور اصلاحات | $4,600,000 | 18.6% |
| گھر کی مرمت | $7,315,175 | 29.4% |
| سیسہ پر مبنی پینٹ | $375,000 | 1.5% |
| معاشی ترقی | $250,000 | 1% |
| ضابطہ کا نفاذ | $2,867,843 | 11.5% |
| رہائش کی خدمات | $300,000 | 1.2% |
| پروگرام کا بندوبست | $4,968,532 | 20% |
| **کل** | **$24,842,664** | **100%** |

## HOPWA
AIDS کی گرانٹ والے افراد کے لیے رہائش کے مواقع

| | | |
|---|---|---|
| عمل آوری کی لاگتیں | $2,228,808 | 21.6% |
| امدادی خدمات | $2,150,030 | 20.8% |
| پروجیکٹ یا کرایہ دار پر مبنی کرایے میں اعانت | $2,402,595 | 23.3% |
| قلیل مدتی، کرایہ، رہن اور یوٹیلیٹی میں اعانت | $2,402,595 | 23.3% |
| وسیلے کی شناخت | $100,000 | 1% |
| گرانٹ دینے والے کا بندوبست | $309,467 | 3% |
| کفیل کا بندوبست | $722,090 | 7% |
| **کل** | **$10,315,585** | **100%** |

## ESG
ہنگامی تدابیر کے لیے گرانٹ

| | | |
|---|---|---|
| بے گھری کے نظم و نسق کے لیے اطلاعاتی نظام (HMIS) | $83,500 | 4% |
| ہنگامی پناہ گاہ | $700,590 | 33.3% |
| بے گھری کی روک تھام | $422,960 | 20% |
| تیز رفتاری سے دوبارہ بسانا | $738,447 | 35% |
| بندوبست | $157,743 | 7.5% |
| **کل** | **$2,103,240** | **100%** |

## ہم آپ کی رائے جاننا چاہتے ہیں

**2020-2024 کے متعین منصوبہ، 2020 کے سالانہ منصوبۂ عمل اور منصفانہ رہائش کے انتخاب میں 2020 رکاوٹوں کے تجزیہ کے بارے میں اپنے تبصرے 16 اپریل 2020 تک بھیج دیں۔**

ڈاک
**Attn: Planning and Grants Management**
City of Houston
Housing and Community Development Department
Travis Street, 9th Floor 2100
Houston, Texas 77002

پورا کان پلان اور AI پڑھنے کے لیے، **ملاحظہ کریں:**
**https://houstontx.gov/housing/caper.html**

ای میل: **hcddplanning@houstontx.gov**